# مفوضات

برائے

بی ایڈ (فاصلاتی تعلیم)

سال دوم (2019 بیچ)

پروگرام کو آرڈی نیٹر

ڈاکٹر نجم السحر

اسوشی ایٹ پروفیسر (تعلیم)

## نظامت فاصلاتی تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، گچی باؤلی، حیدرآباد

# عــام ہدایات

1. اس کتابچے(Booklet)میں بی ایڈ (فاصلاتی تعلیم) سال دوم کے طلبا کے لیے تمام مضامین کے مفوضات کے علاوہ ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں اور اسکول پر مبنی سرگرمیاں بھی پیش کی جا رہی ہیں۔
2. ہر مضمون کے تحت تین مفوضات دیے گئے ہیں اور ان کے نمبرات قوسین میں درج کیے گئے ہیں۔
3. کورس کوڈ 201CCT سے لے کر 207CCT تک تمام مفوضات ہر طالب علم کے لیے لازمی ہیں۔
4. کورس کوڈ 211DST سے لے کر 217DST میں سے طالب علم اپنے منتخب دو طریقِ تدریس کے مفوضات مکمل کریں۔
5. تمام مفوضات اور سرگرمیوں کے ریکارڈ 30 / اپریل 2021 تک اپنے متعلقہ سنٹر کو آرڈی نیٹر کے پاس ذاتی طور پر جمع کریں یا بذریعہ پوسٹ ارسال کریں۔
6. آخری تاریخ گزرنے کے بعد کوئی بھی مفوضہ قبول نہیں کیا جائے گا۔
7. ہر طالب علم کو چاہیے کہ اپنے تمام مفوضات کی نقلیں (Photocopies) اپنے پاس رکھیں۔

# مفوضات برائے بی ایڈ (فاصلاتی تعلیم)

سال دوم (2019 بیچ)

## Assignment for B Ed. (Distance Education)

Second Year (2019 Batch)

**ہدایات:**

ذیل میں ہر مضمون کے تحت تین مفوضات دیے گئے ہیں، طلبا کے لیے لازمی ہے کہ وہ تمام مفوضات کو جامع انداز میں تحریر کریں اور معینہ تاریخ تک اپنے سنٹر کو آرڈی نیٹر کے پاس جمع کریں۔ ہر سوال کے محاذی نمبرات قوسین میں دیے گئے ہیں۔

---

## کورس- BEDD-201CCT

### تعلیم میں عصری امور

1. عالم گیریت ایک انقلابی عمل ہے۔ اس بیان کی وضاحت مثالوں کے ذریعے کیجیے۔ (10)
2. طلبا میں اضطراریت (Unrest) کے مفہوم کو سمجھائیے۔ طلبا میں اضطرار یا بے چینی پائے جانے کے سیاسی، سماجی و معاشی عوامل کا تفصیل سے جائزہ لیجیے۔ (10)
3. تعلیم کے مواقع میں مساوات کی وضاحت کیجیے۔ خواتین، درج فہرست ذات، اقلیتوں و معذوروں کے تعلیمی مواقع میں مساوات کے لیے کیے گئے اقدامات بیان کیجیے۔ (10)

## کورس- BEDD-202CCT

### اسکول کا نظم ونسق اور انتظام

1. اسکول کی عمارت کے تصور کو واضح کیجیے۔اسکول کی عمارت میں درج ذیل بنیادی ڈھانچوں پر نوٹ لکھیے۔ (10)
(الف) کتب خانہ (ب) غسل خانہ
2. رہنمائی اور نگرانی کے تصورات کو واضح کیجیے۔ طلبا کی رہنمائی و نگرانی میں اساتذہ کے رول کا جائزہ لیجیے۔ (10)
3. ادارہ جاتی منصوبہ بندی کسے کہتے ہیں؟ادارہ جاتی منصوبہ بندی کے مراحل بیان کیجیے۔ (10)

## کورس-BEDD-203CCT

### ماحولیاتی تعلیم

1. ماحولیاتی تعلیم سے کیا مراد ہے؟ماحولیاتی تعلیم کی تدریس کی مختلف حکمت عملیوں پر تفصیل سے نوٹ لکھیے۔ (5)
2. بقاپذیر ترقی (Sustainable Development) سے کیا مراد ہے؟ توانائی کے تحفظ کے مختلف طریقے کون سے ہیں؟ (5)
3. ہندوستان کے حوالے سے ماحولیاتی تحفظ کی پالیسی بیان کیجیے۔ (5)

## کورس-BEDD-204CCT

### شمولیتی تعلیم

1. خصوصی تعلیم سے آپ کیا مفہوم مراد لیتے ہیں؟ خصوصی تعلیم کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔ (5)
2. ذہنی معذور بچوں سے کیا مراد ہے؟ان بچوں کی درجہ بندی کیجیے۔ ذہنی معذور بچوں کی تعلیم کے لیے حکمت عملیاں تجویز کیجیے۔ (5)
3. تعلیمی پسماندگی سے کیا مراد ہے؟خواتین کی تعلیمی پسماندگی کے اسباب تحریر کیجیے ۔ (5)

## کورس-BEDD 205 CCT
## جنس، اسکول اور معاشرہ

1. جنس(Sex)اور صنف(Gender)کی تعریفیں پیش کرتے ہوئے ان کے درمیان فرق بتائیے۔ صنف کی سماجی تعبیر کے اہم اجزا پر روشنی ڈالیے۔ (5)
2. حصولِ آزادی کے بعد تعلیمِ نسواں کے فروغ کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیجیے۔ (5)
3. ذرائعِ ابلاغ میں خاص طور پر اشتہارات اور فلموں میں خواتین کو کس طرح پیش کیا جاتا ہے؟ (5)

## کورس-BEDD 206 CCT
## اقلیتوں کی تعلیم

1. اقلیت سے کیا مراد ہے؟ اقلیتوں کی درجہ بندی کو مثالوں سے واضح کیجیے۔ (5)
2. اقلیتی طلبا کے لیے حکومتِ ہند کی جانب سے کون سی اسکیمیں رائج ہیں؟ ان اسکیموں سے اقلیتی طلبا کس طرح فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟ (5)
3. سچر کمیٹی کے قیام اور سچر کمیٹی کی سفارشات کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ (5)

## کورس-BEDD 207 CCT
## تعلیمِ امن

1. "امن" کے تصور کی کوئی تین تعریفوں کی روشنی میں وضاحت کریں۔ کسی بھی معاشرے میں امن کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟ (5)
2. امن کے حصول میں کون سی رکاوٹیں درپیش آتی ہیں؟ انہیں کس طرح دور کیا جاسکتا ہے؟ (5)
3. تعصب کی روک تھام کس طرح کی جاسکتی ہے؟ (5)

## کورس کوڈ-BEDD211DST

## ریاضی کی تدریس

1. NCF-2005 کی روشنی میں ریاضی کے نصاب کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔(10)
2. ریاضی کے پرچہ سوالات میں ٹیسٹ آئٹمس کی تیاری میں اختیار کیے جانے والے احتیاطی اقدامات کا جائزہ پیش کیجیے اور پرچہ سوالات کا خاکہ (Blue print) بھی تیار کیجیے۔(10)
3. ریاضی کے معلم کو بر سر خدمت پروگرامس (In-service Programs) میں کیوں شریک ہونا چاہیے۔ چند مثالوں کے ذریعے ان پروگراموں کی اہمیت اُجاگر کیجیے۔(10)

## کورس کوڈ-BED212DST

## حیاتیاتی سائنس کی تدریس

1. نصاب کی تنظیم میں استعمال ہونے والے مختلف طریقوں کا جائزہ موجودہ نصاب کی روشنی میں لیجیے۔(10)
2. حیاتیاتی سائنس کی تدریس میں آپ معلوماتی و ترسیلی ٹکنالوجی کا استعمال کس طرح کریں گے۔ کچھ اسباق کی روشنی میں جائزہ لیجیے۔(10)
3. معلم کی ترقی میں پیشہ ورانہ تنظیموں کا کیا رول ہے؟ آپ کن پیشہ ورانہ تنظیموں کا حصہ ہیں؟(10)

## کورس کوڈ- BEDD 213 DST

## سماجی علوم کی تدریس

1. سماجی مطالعے کی درسی کتاب کی خصوصیات بیان کیجیے۔ اپنی ریاست میں رائج ثانوی سطح کی کسی ایک درسی کتاب کو منتخب کرتے ہوئے اس کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ (10)
2. سماجی مطالعے کی جانچ کے عمل میں آپ کس طرح مسلسل جامع جانچ کے طریقِ کار کا استعمال کریں گے؟ (10)
3. درج ذیل موضوعات پر نوٹ لکھیے۔ (10)
   i. سماجی مطالعے کی تجربہ گاہ کی اہمیت
   ii. دستورِ ہند کی اہم خصوصیات

## کورس- BEDD 214 DST

### اردو کی تدریس

1. درس و تدریس میں منصوبہ بندی کی کیوں کر اہمیت ہے؟ سالانہ پلان، یونٹ پلان اور سبق کے پلان کے درمیان فرق بتاتے ہوئے ان کی اہمیت واضح کیجیے۔ (10)
2. مسلسل جامع جانچ سے کیا مراد ہے؟ مسلسل جامع جانچ کے مختلف آلات و تکنیک کے بارے میں وضاحت سے لکھیے۔(10)
3. نصاب کو متعین کرنے والے مختلف عوامل کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ ہم نصابی سرگرمیوں کو آپ اپنے اسکول میں کس طرح منعقد کرتے ہیں، اس پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔ (10)

## कोर्स कोड-BEDD-215DST

### हिंदी भाषा शिक्षण

1. भाषा विकास की प्रगति के आंकलन के विभिन्न पहलुओं पर चर्चा कीजिए।(10)
2. पाठ्य सहगामी क्रियाएँ किसे कहते हैं? इन क्रियाओं का वर्गीकरण करते हुए भाषा की दृष्टि से इनकी विवेचना कीजिए।(10)
3. 9वीं कक्षा के पाठ्यक्रम को ध्यान में रखते हुए ब्लूप्रिंट एवं प्रश्न-पत्र तैयार कीजिए।(10)

## Course Code-BEDD-216DST

### Pedagogy of English

1. Write short notes on the following: (10)
   (i) Types of Vocabulary
   (ii) Classification of Dictionary

2. Exemplify the principles of Curriculum Construction. Examine secondary English textbook with reference to different principles of curriculum construction. (10)

3. What are the different innovative practices of teaching English language? Describe in detail. (10)

## کورس کوڈ-BEDD-217DST

## طبیعیاتی سائنس کی تدریس

1. طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تدوین کے دوران میں کارفرما اصولوں کا موجودہ نصاب کی روشنی میں مع مثال تنقیدی جائزہ لیجیے۔(10)
2. طبیعیاتی سائنس کی تدریس میں تدریسی اشیا کی اہمیت وافادیت کا جائزہ مثالوں کے ذریعے پیش کیجیے ۔(10)
3. "سائنس کے معلم کو بطور محقق کام کرنا چاہیے!" کیوں؟ اپنے جواب کو تنقیدی نظریات سے وضاحت کریں۔(10)

## کورس کوڈ-BEDD201EPT

## آئی سی ٹی صلاحیتیں

1. (a) کمپیوٹر سافٹ ویئر کیا ہے؟ اس کے تعلیمی استعمالات لکھیے اور مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔(25)
(b) اکتسابی مواد کے حصول میں انٹرنیٹ کے رول کو واضح کیجیے۔
2. (a) اسکول میں کسی سافٹ ویئر سی ڈی پر مبنی اکتسابی مواد کو کلاس میں پروجکشن کے ذریعے کس طرح استعمال کریں گے؟ اس کے انتظام وانصرام اور فوائد کا ذکر کیجیے ۔(25)
(b) بلاگ کیا ہے؟ اس کا استعمال کس طرح کیا جا سکتا ہے، مثالوں سے واضح کیجیے۔

## کورس- BEDD 202 EPT

## تفہیم ذات

1. اپنے تجربات میں دوسروں کو شامل کرنے سے ہمیں کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے؟ مثالوں سے اپنی رائے پیش کیجیے۔(25)
2. اپنے تعلیمی سفر کے اہم واقعات پر مبنی خودنوشت لکھیے۔ (25)

## کورس- BEDD: 203 EPT

## صحت اور جسمانی تعلیم

1. جسمانی سرگرمیوں کی مختلف قسموں کی وضاحت کیجیے۔ اسکول میں جسمانی تعلیم کے لیے کس طرح کی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جا سکتا ہے؟ جسمانی تعلیم کے پروگرام میں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟ (25)
2. قومی نصابی خاکہ 2005 میں صحت اور جسمانی تعلیم کے تئیں کون سی حکمت عملیاں پیش کی گئی ہیں؟ NCFTE 2005 میں جسمانی تعلیم سے متعلق کیا باتیں لکھی گئی ہیں؟(25)

# ورک شاپ پر مبنی سرگرمیاں

## برائے سال دوم (2019ءبیچ)

(Workshop Based Activities-II)

**ہدایات:**

1۔ ذیل میں پانچ سرگرمیاں دی گئی ہیں۔ ان تمام سرگرمیوں کی تکمیل ہر طالب علم کے لیے لازمی ہے۔

2۔ سرگرمیوں کو مکمل کرنے کے بعد ان کی رپورٹ اپنے سنٹر کو آرڈی نیٹر کے پاس جمع کریں۔

3۔ ہر سرگرمی کے لیے متعین نمبرات قوسین میں دیے گئے ہیں۔ جملہ نمبرات: 100

---

1. اسکول کے انتظام و انصرام میں معلوماتی و ترسیلی ٹکنالوجی (ICT) کا آپ کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ تعلیمی انتظام و انصرام میں معلوماتی و ترسیلی ٹکنالوجی کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیے۔ (20)
2. عملی تحقیق (Action Research) سے کیا مراد ہے؟ عملی تحقیق کے مختلف مراحل کیا ہیں؟ درس و تدریس میں پیش آنے والے کوئی ایک مسئلے کو عملی تحقیق کا موضوع بناتے ہوئے اس کا ریکارڈ تیار کیجیے۔ (20)
3. خاکہ (Blue Print) سے کیا مراد ہے؟ اس کو تیار کرنے کے مختلف مراحل کیا ہیں؟ ثانوی جماعت کے داخلی احتساب (Internal Assessment) کے لیے خاکہ (Blue Print) کے مطابق پرچہ سوالات تیار کیجیے۔ (20)
4. آپ بیتی (Autobiography) سے کیا مراد ہے؟ بچپن سے اب تک کی اپنی زندگی کے اہم واقعات کو درج کرتے ہوئے آپ بیتی لکھیے۔ (20)
5. قومی اور بین الاقوامی تناظر میں تعلیمِ امن کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیے۔ اسکولی سطح پر طلبا میں باہمی امن اور بھائی چارگی کو کیسے فروغ دیں گے؟ (20)

# اسکول پر مبنی سرگرمیاں

## برائے سال دوم (2019بیچ)

School Based Activities-II

**ہدایات؛**

1۔ درج ذیل سرگرمیوں کو مکمل کرتے ہوئے ان کے ریکارڈ / رپورٹ اپنے متعلقہ سنٹر کے کوآرڈی نیٹر کے پاس متعینہ تاریخ تک جمع کریں۔

2۔ تمام سرگرمیوں کی تکمیل اور ان کی رپورٹ لکھنا ہر طالب علم کے لیے لازمی ہے۔

3۔ ہر سرگرمی کے لیے(20) نمبرات مختص ہیں۔ جملہ نمبرات:100

4۔ درج ذیل سرگرمیوں کو انجام دے کر ان پر اپنی رپورٹ متعین کردہ وقت کے اندر اپنے متعلقہ کوآرڈینیٹر کے پاس جمع کریں۔

---

1. رواں سال آن لائن طرز پر تدریس کے دوران میں طلبا کو پیش آنے والی دشواریوں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کو دور کرنے کے لیے چند تجاویز پیش کیجیے۔(20)
2. دوران تدریس آن لائن حاضر رہنے والے طلبا کی حاضری کو کس طرح ریکارڈ کیا گیا اورآن لائن حاضری کو درج کرنے کے طریقے میں کون سی خامیاں پائی گئیں۔ تفصیل سے لکھیے۔(20)
3. روبہ رو تدریس اور آن لائن تدریس کے درمیان فرق پر روشنی ڈالیے۔ آپ کے نزدیک مستقبل میں آن لائن تدریس کو اختیار کرنے کے کیا فائدے اور نقصانات ہوسکتے ہیں؟ (20)
4. آن لائن تدریس کے دوران میں طلبا کی توجہ کو سبق کی طرف راغب کرنے کے لیے آپ نے کون سا طریقِ تدریس اپنایا اور اس کوشش میں آپ کس حد تک کامیاب ہوئے؟(20)
5. ثانوی جماعت کے کسی بھی مضمون سے اپنی پسند کا ایک عنوان منتخب کیجیے اور اس پر Power Point Presentation تیار کیجیے۔(20)